اسلامیات (لازمی)	انٹر (پارٹ-I)	پرچہ I: (معروضی طرز)
وقت: 15 منٹ	2018ء (دوسرا گروپ)	کل نمبر: 10

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے دُرست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1-1- صحاح ستہ کتابیں ہیں:

(a) تفسیر کی　(b) حدیث کی ✓

(c) فقہ کی　(d) تاریخ کی

2- صلہ رحمی سے مراد ہے:

(a) رحم کرنا　(b) رشتہ داروں سے اچھا سلوک کرنا ✓

(c) درگزر کرنا　(d) والدین سے حسنِ سلوک کرنا

3- سب سے افضل ذکر ہے:

(a) سبحان اللہ　(b) اللہ اکبر

(c) لا الہ الا اللہ ✓　(d) أستغفر اللہ

4- پہلی اسلامی ریاست قائم ہوئی:

(a) مکہ میں　(b) مدینہ میں ✓

(c) شام میں　(d) بغداد میں

5- تمام عبادات کا مجموعہ ہے:

(a) نماز　(b) روزہ

(c) زکوۃ　(d) حج ✓

6- کتاب "الآثار" تالیف ہے:

(a) امام شافعیؒ
(b) امام زہریؒ
(c) امام ابوحنیفہؒ ✓
(d) امام شعبیؒ

7- مصارفِ زکوٰۃ میں "وفی الرقاب" سے مراد کون لوگ ہیں؟

(a) مقروض
(b) مجاہد
(c) معذور
(d) غلام ✓

8- بنو ہاشم شعب ابی طالب میں محصور رہے:

(a) 1 سال
(b) 2 سال
(c) $2\frac{1}{2}$ سال
(d) 3 سال ✓

9- نبی اکرم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم نے اپنی پھوپھی زاد بہن حضرت زینبؓ بنت جحش کی شادی کی:

(a) حضرت زید بن ثابتؓ
(b) حضرت زیدؓ بن حارث ✓
(c) حضرت عبداللہ بن زبیرؓ
(d) حضرت عثمانؓ

10- تمام پیغمبروںؑ نے اپنی تبلیغ کا آغاز کیا:

(a) اعمال کی اصلاح سے
(b) اقدار کی اصلاح سے
(c) عقائد کی اصلاح سے ✓
(d) رسم و رواج کی اصلاح سے